**Series SKS/C** **Code No. 30**

Roll No. | | | | | | | |

Candidates must write the Code on the title page of the answer-book.

- Please check that this question paper contains **7** printed pages.
- Code number given on the right hand side of the question paper should be written on the title page of the answer-book by the candidate.
- Please check that this question paper contains **11** questions.
- **Please write down the Serial Number of the question before attempting it.**
- 15 minutes time has been allotted to read this question paper. The question paper will be distributed at 10.15 a.m. From 10.15 a.m. to 10.30 a.m., the students will read the question paper only and will not write any answer on the answer-book during this period.

# اُردو (الیکٹو)

# URDU (Elective)

وقت: 3 گھنٹے — کُل نمبر: 100

*Time allowed : 3 hours* — *Maximum Marks : 100*

۱۔ درج ذیل میں سے کسی ایک عبارت کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلّق دیئے گئے سوالوں کے جواب لکھیے: 10

اب بھی ان کا خیال آتا ہے اور یاد آتا ہے کہ عالمی ادب یا انگریزی ادب پر ‌یلس نے انھیں چھیڑ دیا ہے اور وہ مسلسل بولے چلے جا رہے ہیں اور محسوس ہوتا کہ علم و دانش کا ایک سمندر ابل رہا ہے۔ ان کی ہمارے لئے اس وجہ سے بھی ہمیشہ ایک اہمیت رہے گی کہ بہار کی شناخت ہمارے جن جواہر سے اُردو دنیا کے خزانے میں ہوتی ہے ان میں کلیم الدین احمد کی حیثیت کوہ نور کی ہے۔ کلیم صاحب اصول تنقید پر زور دیتے تھے۔ متن اور شخصیت کے مطالعہ پر ان کا زور



collegedunia India's largest Student Review Platform

تھا۔ جس سے ہم بہت کچھ حاصل کر سکتے ہیں۔ ان کی تنقید کا انداز کچھ Demolition Expert کا تھا جس کی ادب میں ضرورت بھی ہے اور اہمیت بھی۔ بت سازی سب کچھ نہیں بُت شکنی بھی ادبی اور تاریخی سائیکل کا جزو لاینفک ہے۔ احتساب اور گرفت کا فن ان پر ختم ہو گیا۔

1۔ یہ اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے اور سبق کے مصنف کا نام کیا ہے؟

2۔ عالمی ادب کے بارے میں کلیم صاحب کس طرح گفتگو کرتے تھے؟

3۔ اردو دنیا میں کلیم الدین احمد کی حیثیت کیا ہے؟

4۔ کلیم الدین احمد کی تنقید کا انداز کیسا تھا؟

5۔ "احتساب اور گرفت کا فن ان پر ختم ہو گیا" کا کیا مطلب ہے؟

یا

گاؤں کی چوپال پر پنچایت لگی۔ پنچ اور سرپنچ سب موجود تھے۔ ہوری اپنے پوتے پوتیوں کے ساتھ بیچ میں بیٹھا تھا۔ اس کا چہرہ مارے غم کے مرجھایا ہوا تھا۔ اس کی دونوں بہوئیں دوسری عورتوں کے ساتھ کھڑی تھیں اور بجو کا کا انتظار تھا۔ آج پنچایت کو اپنا فیصلہ سنانا تھا۔ مقدمے کے دونوں فریق اپنا بیان دے چکے تھے۔ آخر دور سے بجو کا خراماں خراماں آتا ہوا دکھائی دیا، سب کی نظریں اس طرف اٹھ گئیں۔ وہ ویسے ہی مسکراتا ہوا آرہا تھا جیسے ہی وہ چوپال میں داخل ہوا سب غیر ارادی طور پر اٹھ کھڑے ہوئے اور ان کے سر تعظیماً جھک گئے۔ ہوری یہ تماشا دیکھ کر تڑپ اٹھا۔ اسے لگا جیسے بجوکا نے سارے گاؤں کے لوگوں کا ضمیر خرید لیا ہے۔ پنچایت کا انصاف خرید لیا ہے۔ وہ اپنے آپ کو تیز پانی میں بے بس آدمی کی طرح ہاتھ پاؤں مارتا ہوا محسوس کرنے لگا۔

1۔ یہ اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے اور سبق کے مصنف کا کیا نام ہے؟

2۔ گاؤں کی چوپال پر پنچایت کیوں لگی تھی اور اس میں کون کون تھا؟

3۔ پنچایت میں بجوکا کے آنے پر کیا ہوا؟



collegedunia.com India's largest Student Review Platform

4۔ پنچایت کا منظر دیکھ کر ہوری نے کیا محسوس کیا؟

5۔ درج ذیل میں سے دو کی وضاحت کیجیے:

خراماں خراماں آنا۔ غیر ارادی طور پر۔ سر تعظیماً جھکنا۔ ہاتھ پاؤں مارنا۔

2۔ خود نوشت (آپ بیتی) کی فنی خوبیوں کے حوالے سے اختر الایمان کی خود نوشت نگاری پر نوٹ لکھیے۔ 5

یا

سریندر پرکاش کی افسانہ نگاری کی خصوصیات تحریر کیجیے۔

3۔ درج ذیل میں سے صرف دو سوالوں کے جواب لکھیے: 10

1۔ ہوری نے اپنے گھر والوں کو کیا وصیت کی اور کیوں کی؟

2۔ امراؤ جان ادا کے کردار پر روشنی ڈالتے ہوئے بتایئے کہ مصنف نے ناول نگاری کی کن ذمہ داریوں کا ذکر کیا ہے؟

3۔ افسانہ ''فوٹو گرافر'' کا خلاصہ اپنے الفاظ میں لکھیے۔

4۔ سفرنامہ کسے کہتے ہیں۔ اور اچھے سفرنامے میں کیا کیا خوبیاں ہونی چاہئیں؟



collegedunia India's largest Student Review Platform

## ( حصّہ نظم )

4۔ درج ذیل میں سے کسی ایک حصے کو پڑھ کر اس سے متعلق دیئے گئے سوالوں کے جواب لکھیے: 10

سمجھے گا زمانہ تری آنکھوں کے اشارے — دیکھیں گے تجھے دور سے گردوں کے ستارے
ناپید ترے بحرِ تخیّل کے کنارے — پہنچیں گے فلک تک تری آہوں کے شرارے

تعمیرِ خودی کر، اثرِ آہِ رسا دیکھ

خورشیدِ جہاں تاب کی ضو تیرے شرر میں — آباد ہے اِک تازہ جہاں تیرے ہنر میں
جچتے نہیں بخشے ہوئے فردوس نظر میں — جنت تری پنہاں ہے ترے خونِ جگر میں

اے پیکرِ گِل کوششِ پیہم کی جزا دیکھ

1۔ مندرجہ بالا نظم کے شاعر کا کیا نام ہے؟

2۔ تعمیرِ خودی کرنے کا کیا مطلب ہے؟

3۔ شاعر کس سے اور کیوں کہہ رہا ہے کہ زمانہ تیرے اِشارے سمجھے گا؟

4۔ خونِ جگر میں جنت پنہاں ہونے کا کیا مطلب ہے؟

5۔ شاعر کے نزدیک "کوششِ پیہم" کا نتیجہ کیا ہوگا؟

یا

منزل نہ ملی تو قافلوں نے
رستے میں جما لئے ہیں ڈیرے



collegedunia.com
India's largest Student Review Platform

میں ایک حادثہ بن کر کھڑا تھا رستے میں
عجب زمانے میرے سر سے تھے گزرتے ہوئے

حسن و عشق کی لاگ میں اکثر چھیڑ ادھر سے ہوتی ہے
شمع کا شعلہ جب لہرایا اڑ کے چلا پروانہ بھی

اب بھاگتے ہیں سایۂ عشق بتاں سے ہم
کچھ دل سے ہیں ڈرے ہوئے کچھ آسماں سے ہم

ہم سے پوچھو کہ غزل کیا ہے، غزل کا فن کیا
چند لفظوں میں کوئی آگ چھپا دی جائے

1۔ راستے میں ڈیرے جما لینے سے کیا مراد ہے؟

2۔ شاعر نے اپنے آپ کو "حادثہ" کیوں کہا ہے؟

3۔ شمع کا شعلہ لہرانے کا کیا مطلب ہے؟

4۔ شاعر دل اور آسمان سے کیوں ڈرا ہوا ہے؟

5 چند لفظوں میں "آگ چھپانے" سے کیا مراد ہے؟

5۔ نظم "زندگی سے ڈرتے ہو؟" میں ن۔م۔ راشد کیا کہنا چاہتے ہیں؟ اپنے الفاظ میں لکھیے۔ 5

یا

نظم "گورِ غریباں" کا خلاصہ اپنے الفاظ میں لکھیے۔

collegedunia.com
India's largest Student Review Platform



collegedunia.com
India's largest Student Review Platform

6۔ درج ذیل میں سے صرف دو سوالوں کے جواب لکھیے۔ 10

۱۔ نظم کی تعریف کیجیے اور اس کے آغاز و ارتقاء پر نوٹ لکھیے۔

2۔ ن۔م۔راشد کی نظم نگاری پر نوٹ لکھیے۔

3۔ "روحِ ارضی آدم کا استقبال کرتی ہے" کے ذریعے شاعر کیا پیغام دینا چاہتا ہے؟

4۔ نظم "ارتقا" میں شاعر نے انسان کی ترقی کی راہ میں کن رکاوٹوں کا ذکر کیا ہے؟

7۔ کہانی "جلتی جھاڑی" کا خلاصہ اپنے الفاظ میں لکھیے۔ 4

یا

ویکوم محمد بشیر کی افسانہ نگاری پر نوٹ لکھیے۔

8۔ درج ذیل میں سے صرف دو سوالوں کے مختصر جواب لکھیے۔ 6

۱۔ آپ کے نزدیک جنرل بیری ٹرالوف کے کردار کا کون سا پہلو ناپسندیدہ ہے اور کیوں؟

2۔ محمد بشیر کے افسانے کا نام جنم دن کیوں رکھا گیا ہے؟ وضاحت کیجیے۔

3۔ ڈراما 'یہودی کی لڑکی' کے اہم کرداروں پر تبصرہ کیجیے۔

4۔ نرمل ورما نے سیر و سیاحت کے دوران کن کیفیات کا ذکر کیا ہے؟ مختصراً لکھیے۔

9۔ درج ذیل میں سے صرف دو سوالوں کے تفصیلی جواب لکھیے:۔ 20

۱۔ اردو زبان کے آغاز و ارتقاء پر جامع نوٹ لکھیے۔

2۔ میر انیس کی مرثیہ نگاری یا نسیم کی مثنوی نگاری کے بارے میں مفصل لکھیے۔



collegedunia.com
India's largest Student Review Platform

3۔ مرزا غالب کی مکتوب نگاری کی خصوصیات واضح کیجئے۔

4۔ فورٹ ولیم کالج کی علمی ادبی خدمات کے بارے میں وضاحت کیجئے۔

10۔ درج ذیل میں سے صرف تین سوالوں کے جواب لکھیے۔ 15

1۔ اُردو میں رومانوی تحریک کے آغاز وارتقاء پر روشنی ڈالیے۔

2۔ جمیل مظہری کی نظم نگاری پر تبصرہ کیجئے۔

3۔ جاں نثار اختر کی غزل گوئی کے امتیازات واضح کیجئے۔

4۔ سرسید تحریک پر ایک نوٹ لکھیے۔

11۔ درج ذیل سوالوں کے متبادل جوابات میں سے صحیح جواب تلاش کرکے لکھیے: 5

1۔ سکون کی نیند افسانے کے مصنف کا نام ہے۔ (شفیع جاوید۔ اقبال مجید۔ بلونت سنگھ)

2۔ ''زرد پتّوں کی بہار'' سفرنامے کا مصنّف ہے۔ (پطرس بخاری۔ بے خف۔ رام لعل)

3۔ ''امراؤ جان ادا'' کا تعلق کس صِنف سے ہے۔ (سوانح۔ ناول۔ خاکہ)

4۔ جس نظم میں کسی مرنے والے کی تعریف کی جائے وہ ہے (غزل۔ مثنوی۔ مرثیہ)

5۔ فورٹ ولیم کالج جس شہر میں قائم ہوا وہ ہے۔ (حیدرآباد۔ دلی۔ کلکتہ)



collegedunia.com India's largest Student Review Platform